آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیٹنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعرات 19 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 224

پاک فوج کا فتح 3 سپرسونک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ

آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 3 میزائل راکٹ فورس کمانڈ کی آپریشنل صلاحیتوں اور اہداف کو نشانہ بنانے کی رسائی میں نمایاں اضافہ کرے گا، جس سے پاکستان کی روایتی دفاعی صلاحیت اور دفاعی حکمت عملی مزید مضبوط ہوگی



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج نے فتح 3 سپرسونک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ کرلیا، جسے ملکی دفاعی صلاحیتوں میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فتح 3 میزائل جدید نیویگیشن اور پروپلشن سسٹمز سے لیس ہے، جو سپرسونک رفتار سے طویل فاصلے پر اہداف کو انتہائی درستگی اور مزاحمت انداز میں نشانہ بنانے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک بھر میں سونا کی قیمت مسلسل 6 روز گرنے کے بعد مستحکم

کراچی (سی ایم لنکس) عالمی اور مقامی گولڈ مارکیٹس میں سونے کی قیمت مسلسل چھ روز تک کمی کے بعد مستحکم ہوگئی۔ آل صرافہ ایسوسی ایشن

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تمام منصوبے اعلیٰ معیار کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں، کمشنر بہاولپور ڈویژن

جاری ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار اور پائیداری کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ سرسبز و شاداب پنجاب اور خوبصورت پنجاب کے اہداف کے حصول کے لیے بہاولپور شہر میں شجر کاری، شہری خوبصورتی اور بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان غیر معمولی ذہانت سیاسی بصیرت اور دور اندیشی کے حامل منجھے ہوئے پارلیمنٹیرین ہیں، حسن عسکری شیخ

ریفرنڈم کے حوالے سے انکا حالیہ بیان بہتر طرز حکمرانی اور پنجاب کے عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لیے انکی سنجیدہ سوچ اور غیر متزلزل عزم کا عکاس ہے رکن پنجاب اسمبلی



Malik Muhammad Ahmad Khan - Speaker Punjab Assembly

بہاول پور (پ ر) پاکستان مسلم لیگ ق کے رکن صوبائی اسمبلی حسن عسکری شیخ نے کہا ہے کہ ملک محمد احمد خان، اسپیکر پنجاب اسمبلی، غیر معمولی ذہانت، سیاسی بصیرت اور دور اندیشی کے حامل ایک منجھے ہوئے پارلیمنٹیرین ہیں۔ وہ ایک ایسے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین کے زیر اہتمام پولیس لائنز میں مذہبی اسکالرز کے ہمراہ خصوصی سیمینار کا انعقاد

پولیس کا منصب محض قانون نافذ کرنا نہیں بلکہ مظلوم کی دادرسی، اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے ساتھ ان کی عزت نفس کا خیال رکھنا بھی ہے مذہبی اسکالرز

ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین نے آخر میں ریجنل پولیس بہاولپور کی جانب سیمذہبی سکالر حاجی یعفور رضا عطاری کو شیلڈ دی



آر پی او غازی محمد صلاح الدین اور مذہبی اسکالر حاجی یعفور رضا عطاری پولیس افسران کو حسن اخلاق، ضابطہ اخلاق اور عوامی خدمت کے حوالے سے لیکچر دے رہے ہیں۔

بہاولپور (پ ر) پولیس افسران و اہلکاروں کی اخلاقی تربیت، پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا احساس اجاگر کرنے اور شہریوں کے ساتھ حسن سلوک کو فروغ دینے کے لیے ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین کے زیر اہتمام

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اہم میگا ہیلتھ منصوبوں پر تیزی سے کام جاری

تعمیراتی رفتار کیساتھ کام کے معیار اور شفافیت پر بھی خصوصی توجہ دی جائے، کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) صحت مند پنجاب وژن کے تحت بہاولپور میں عوام کو جدید، معیاری اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے اہم میگا ہیلتھ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعظم اور نواز شریف سے صدر و وزیر اعظم آزاد کشمیر کی ملاقات

ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

مظفر آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان اور وزیر اعظم آزاد کشمیر سید افتخار علی گیلانی نے ملاقات کی، جس میں آزاد کشمیر کے ترقیاتی امور اور

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

190 ملین پاؤنڈ کیس میں عمران خان کی سزا برقرار رہ سکتی ہے: طارق فضل

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں بانی پی ٹی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کیا آپکے ہاتھ صاف ہیں؟ کیا آپکو نصیحت یا دھمکی دینے کا حق ہے؟

خواجہ آصف کا بلاول کی تقریر پر ردعمل

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ کے بعد وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعظم نے نو تعمیر شدہ رتھوعہ ہریام پل کا افتتاح کر دیا

وفاقی حکومت آزاد جموں و کشمیر کی ترقی، خوشحالی اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے، شہباز شریف

مظفر آباد (سی ایم لنکس): وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت آزاد جموں و کشمیر کی ترقی، خوشحالی اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو نو تعمیر شدہ رتھوعہ ہریام پل کی سختی کی نقاب کشائی کر کے پل کا افتتاح کرنے کے موقع پر کیا۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر میاں محمد نواز شریف، آزاد جموں و کشمیر کے صدر ڈاکٹر محمد نجیب نقی اور آزاد جموں و کشمیر کے وزیر اعظم سید افتخار علی گیلانی بھی تقریب میں شریک

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پی پی نے پنجاب کی تقسیم کی قرارداد پر ووٹ دیا سندھ کی تقسیم کو لیکر خونریزی کس بنیاد پر ہوگی؟ ملک احمد خان

نئے صوبوں سے متعلق بات چیت ہوتی رہنی چاہیے، ریفرنڈم کا طریقہ آئین میں موجود ہے، صدر آصف زرداری کی خوبی یہ ہے کہ وہ بات سنتے ہیں، مذاکرات اور مکالمے سے مسائل کا حل نکالا جاسکتا ہے۔ بلاول نے گزشتہ روز سندھ وطنیت کی بات کی اس پر بھی بحث ہونی چاہیے

بلاول نے کل خون بہانے کی بات کی، سندھ کی تقسیم کے معاملے پر خونریزی کس بنیاد پر ہوگی؟ کسی کے گھر کو جلانا، تشدد کرنا سیاسی حق کیسے ہوسکتا ہے، بلاول بھٹو کے پارلیمانی مقف اور حالیہ گفتگو میں تضاد پر سوال اٹھتا ہے۔: اسپیکر پنجاب اسمبلی



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے کہا ہے کہ پی پی نے پنجاب کی تقسیم کی قرارداد پر ووٹ دیا اور سندھ کی تقسیم کو لیکر خونریزی کس بنیاد پر ہوگی؟ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ملک احمد خان نے کہا کہ نئے صوبوں سے متعلق بات چیت ہوتی رہنی چاہیے، ریفرنڈم کا طریقہ آئین میں موجود ہے، صدر آصف زرداری کی خوبی یہ ہے کہ وہ بات سنتے ہیں، مذاکرات اور مکالمے سے مسائل کا حل نکالا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول نے گزشتہ روز سندھ وطنیت کی بات کی اس پر بھی بحث ہونی چاہیے، وحدت کی سوچ اور اس کے پس منظر پر بھی بحث ہونی چاہیے، پیپلز پارٹی نے پنجاب کی تقسیم کی قرارداد پر ووٹ دیا، پیپلز پارٹی سندھ میں تقسیم کی مخالفت کرتی ہے تو پنجاب میں حمایت کیوں کرتی ہے؟ انہوں نے کہا کہ بلاول نے کل خون بہانے کی بات کی، سندھ کی تقسیم کے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلامیہ یونیورسٹی، مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

تقریب میں یونیورسٹی کے ممتاز عہدیداران نے شرکت کی

بہاول پور (پ ر) ڈائریکٹوریٹ آف ایلومنائی افیئرز اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور اور کلی اسٹیکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے ادارہ جاتی تعاون، نیٹ ورکنگ، اسپانسرشپ اور صنعت و تعلیمی اداروں کے مابین روابط کو مضبوط بنانے کے لیے ایک مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ اس معاہدے کے تحت اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ڈائریکٹر ایلومنائی افیئرز ڈاکٹر جام سجاد حسین اور کلی اسٹیکس کے برانڈ مینیجر حمزہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بلاول بھٹو آئین و جمہوریت کے چیمپئن بنتے ہیں عملی کارکردگی صفر ہے، طلال چوہدری

بلاول بھٹو کی باتیں ایسے ہیں جیسے وہ اپوزیشن لیڈر ہوں، حالانکہ 3 صوبوں اور گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو آئین اور جمہوریت کے چیمپئن بنتے ہیں، لیکن عملی طور پر جمہوریت کے لیے ان کی کارکردگی صفر ہے، آئین اپنی مرضی کے مطابق تشریح کرنے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صدر مملکت اور چیئرمین سینیٹ بھی ان کی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں، قریبا 70 فیصد پاکستان میں پیپلز پارٹی کی حکمرانی ہے، وزیر مملکت برائے داخلہ کی اسلام آباد میں پریس کانفرنس

ڈونلڈ ٹرمپ چین پہنچ گئے پیوٹن اور شی جن پنگ سے فریقی ملاقات متوقع

چینی صدر شی جن پنگ نے ان کا استقبال کیا۔ صدر ٹرمپ اپیک اجلاس کی سائیڈ لائن پر روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور چینی صدر شی جن پنگ سے ملاقات کریں گے



بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ چین کے شہر شین زن پہنچ گئے، چینی صدر شی جن پنگ نے ان کا استقبال کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر ٹرمپ کل (جمعرات) ایشیا پیسفک اقتصادی تعاون تنظیم (اے پی ای سی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی پی او بہاولپور رانا عبدالوہاب کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری

کھلی کچہری میں 21 سے زائد شہریوں نے شرکت کی

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 21 سے زائد

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز خان مگسی کا بہاول پور اور ضلع رحیم یار خان کا دورہ

ڈائریکٹر زراعت (توسیع) جمیل احمد غوری کے دفتر میں ڈویژنل کارکردگی کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) اسپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز خان مگسی نے بہاول پور اور ضلع رحیم یار خان کا دورہ کیا۔ انہوں نے ڈائریکٹر زراعت (توسیع) جمیل احمد غوری کے دفتر میں ڈویژنل کارکردگی کا جائزہ لیا۔ گندم کی کاشت،

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کیمروں والی عینکوں پر پابندی، وفاقی حکومت سے رپورٹ طلب

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور ہائیکورٹ میں کیمروں والی عینکوں کی خرید و فروخت پر پابندی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافہ، غریب مریض علاج سے محروم ہونے لگے

جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں کمی، ناجائز منافع خوری کی روک تھام

اور مستحق مریضوں کو سستی ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں مطالبہ



چنی گوٹھ (نامہ نگار) جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے مریضوں کی قوت خرید جواب دے گئی، شوگر، دل، بلڈ پریشر، گردوں اور دیگر امراض میں مبتلا مریضوں کو ادویات کی خریداری میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مہنگائی کے باعث پہلے ہی پریشان عوام کے لیے علاج معالجہ ایک بڑا چیلنج بن گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری

گزشتہ دو روز میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 7 0 ملزمان گرفتار کئے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری، بہاولپور پولیس نے گزشتہ دو روز میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 7 0 ملزمان گرفتار کئے، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد۔ سماج دشمن عناصر کسی رعائت کے مستحق

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

موبائل ایپ سے قرضوں پر شرح منافع میں 67 فیصد کمی کر دی گئی

کراچی (سی ایم لنکس) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ملک میں موبائل ایپس سے قرضوں پر شرح منافع میں 67 فیصد کمی کر دی۔ ایس ای سی پی کا فیصلہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ملک میں شہریوں کو

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آکسفورڈ ماڈل پبلک سکول اللہ آباد میں والدین واساتذہ ملاقات (PTM) کا انعقاد

اس میٹنگ کا بنیادی مقصد تعلیمی معیار کا جائزہ لینا اور طلبا کی بہترین کارکردگی کو سراہنا تھا

اللہ آباد (نامہ نگار) آکسفورڈ ماڈل پبلک سکول اینڈ آکسفورڈ سائنس اکیڈمی الفلاح ٹاؤن اللہ آباد میں والدین واساتذہ ملاقات (PTM) کا انعقاد کیا گیا۔ اس میٹنگ کا بنیادی مقصد تعلیمی معیار کا جائزہ لینا اور طلبا کی بہترین کارکردگی کو سراہنا تھا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز حافظ محمد آصف ریاض نے تلاوت قرآن مجید اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا۔ چیف آرگنائزر آکسفورڈ ماڈل

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم نوجوان نسل کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور نوجوان نسل کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے گورنمنٹ ٹیکنیکل ہائی سکول بہاولپور میں وزیر اعلیٰ پنجاب انیشیٹو پروگرام

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان بچوں کو ہر قسم کے تشدد سے محفوظ رکھنے کے عالمی عزم پر قائم ہے

وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے پاکستان کے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب: دینی مدارس کی رجسٹریشن کا عمل تیز، 19 مدارس کو سرٹیفکیٹس جاری

رجسٹریشن کی بدولت عطیہ دینے والوں کا اعتماد اور شفافیت یقینی بنائی جارہی ہے

لاہور (سی ایم لنکس) محکمہ داخلہ پنجاب کے چیریٹیز کمیشن میں دینی مدارس کی رجسٹریشن جاری ہے، مدارس کی راہنمائی اور رجسٹریشن میں سہولت کے لیے خصوصی مدارس رجسٹریشن ڈیسک قائم کی گئی ہے۔ مدارس کی رجسٹریشن پنجاب چیریٹیز کمیشن کے آن لائن پورٹل پر آسان اور تیز ترین انداز میں کی جارہی ہے۔ مدارس کی رجسٹریشن آسان اور

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چھوٹے صوبے ناگزیر، سندھ میں خون کا قطرہ بھی گرا تو ذمہ دار بلاول ہونگے: مصطفیٰ کمال

بلاول ایک بڑی سیاسی جماعت کے چیئرمین ہیں

کراچی (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے چھوٹے صوبے بنانے کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے بغیر پاکستان نہیں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سندھ ہائیکورٹ کا صوبے بھر کی جیلوں میں قید ملزمان کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کرنیکا حکم

کراچی (سی ایم لنکس) ضلع گھوٹکی کی عدالت سے دو ملزمان کے فرار ہونے کے واقعے کے بعد سندھ ہائیکورٹ نے صوبے بھر کی جیلوں میں قید ملزمان کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالتوں میں پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ نے تمام ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کو

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جن پور کم سن بچے سے مبینہ زیادتی ملزم تاحال گرفتار نہ ہوسکا، والد کا اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

صدام نامی سبزی فروش ملزم کو گرفتار کیا جائے اور متاثرہ بچے کو فوری انصاف فراہم کیا جائے والد غلام یٰسین



غلام یٰسین بلوچ اپنے کم سن بیٹے محمد مزمل کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے

جن پور (نامہ نگار) کم سن بچے سے مبینہ زیادتی ملزم تاحال گرفتار نہ ہوسکا، والد کا اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جن پور کے رہائشی غلام یاسین بلوچ نے الزام عائد کیا ہے کہ ان کا 12، 13 سالہ بیٹا محمد مزمل جن پور اڈہ پر سبزی خریدنے گیا تو مبینہ طور پر صدام نامی سبزی فروش اسے ورغلا کر کماد کی فصل میں لے گیا جہاں اس کے ساتھ مبینہ زیادتی کی گئی واقعے کے بعد متاثرہ بچے کے والد نے 15 پر کال کی جس پر پولیس چوکی جن پور تھانہ شیدانی شریف نے مقدمہ درج کر لیا تاہم والد غلام یٰسین کے مطابق تاحال نامزد ملزم گرفتار نہیں ہوسکا انہوں نے پولیس حکام سے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا جائے اور متاثرہ بچے کو فوری انصاف فراہم کیا جائے۔۔۔

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کا ملت ٹریکٹرز کے مشینری پلانٹ کا دورہ

انہوں نے پیداوار کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے ملت ٹریکٹرز کے مشینری پلانٹ کا دورہ کیا اور پنجاب بھر میں 22 نئی قائم ہونے والی واٹر اینڈ سینی ٹیشن ایجنسیوں (واسا) کے لیے تیار کی جانے والی جدید مشینری اور آلات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے پیداوار کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور آلات کی تکنیکی صلاحیتوں اور کارکردگی کا جائزہ لیا۔ سی ای او ملت ٹریکٹرز راحیل اصغر اور ڈائریکٹر جنرل واسا طیب فرید نے صوبائی وزیر کا

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا گورنمنٹ ٹیکنیکل ہائی سکول کے دورہ کے موقع پر طلبہ سے نصاب کے حوالے سے سوالات پوچھ رہے ہیں۔

بہاولپور میں مستحق خواتین میں مویشیوں کی تقسیم کے حوالے سے خصوصی تقریب

تقریب میں ممبر قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ نے بطور مہمان خصوصی جبکہ ممبر صوبائی اسمبلی خالد محمود وارن نے مہمان اعزاز کے طور پر شرکت کی

تقریب میں سپیشل سیکرٹری لائیوسٹاک جنوبی پنجاب اسد نعیم، کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا سمیت دیگر اعلی حکام بھی شریک ہوئے

بہاولپور: رکن قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ، رکن صوبائی اسمبلی خالد محمود بابر وارن، کمشنر عرفان علی کاٹھیا، سپیشل سیکرٹری لائیوسٹاک جنوبی پنجاب اسد نعیم اور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا حکومت پنجاب کی جانب سے مستحق خواتین میں مویشیوں کی تقسیم کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں قرعہ اندازی کا افتتاح کر رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) حکومت پنجاب کے خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے، غربت کے خاتمے اور دیہی معیشت کے استحکام کے لیے جاری پروگرام کے تحت بہاولپور میں مستحق خواتین میں مویشیوں کی تقسیم کے حوالے سے خصوصی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں ممبر قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ نے بطور مہمان خصوصی جبکہ ممبر صوبائی اسمبلی خالد محمود بابر وارن نے مہمان اعزاز کے طور پر شرکت کی۔ تقریب میں سپیشل سیکرٹری لائیوسٹاک جنوبی پنجاب اسد نعیم، کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت پنجاب کی 19 پولیس شہداء کے ورثاء کیلئے گھروں اور مالی مراعات کی منظوری

صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں اہم اجلاس ہوا

لاہور (سی ایم لنکس) حکومت پنجاب نے شہداء پیکج کے تحت 19 شہدائے پولیس کے ورثاء کیلئے گھروں اور مالی مراعات کی منظوری دے دی۔ صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں اہم اجلاس ہوا جس میں

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: رکن قومی اسمبلی ملک منیر اقبال چنڑ، رکن صوبائی اسمبلی خالد محمود بابر وارن، کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا حکومت پنجاب کی جانب سے مستحق خواتین میں مویشیوں کی تقسیم کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شریک ہیں۔

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

نئے نمبر 01

کی صلاحیت رکھتا ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 3 میزائل راکٹ فورس کمانڈ کی آپریشنل صلاحیتوں اور اہداف کو نشانہ بنانے کی رسائی میں نمایاں اضافہ کرے گا، جس سے پاکستان کی روایتی دفاعی صلاحیت اور دفاعی حکمت عملی مزید مضبوط ہوگی۔میزائل کا کامیاب تجربہ کمانڈ آرمی راکٹ فورس کمانڈ، پاکستان کی مسلح افواج کے سینئر افسران، سائنسدانوں اور انجینئرز نے دیکھا۔صدر مملکت، وزیراعظم، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز اور مسلح افواج کے سربراہان نے فتح 3 میزائل کے کامیاب تجربے پر مبارک باد دی اور قومی دفاعی صلاحیتوں کی ترقی میں کردار ادا کرنے والے تمام افراد کی لگن اور محنت کو سراہا۔

نئے نمبر 02

عملی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ بہاولپور شہر کو سرسبز، صاف ستھرا اور دیدہ زیب بنانے کے لیے مختلف مقامات پر شجرکاری اور تزئین و آرائش کے منصوبوں پر کام کیا جارہا ہے۔کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے شجرکاری مہم کے تحت املتاس ایونیو پر پودا لگا کر مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔اس موقع پر بتایا گیا کہ شجرکاری مہم کے تحت سہولت بازار سے آر پی او آفس تک سڑک کے دونوں اطراف مختلف اقسام کے پودے لگائے جائیں گے، جس سے شہر کے ماحول کو سرسبز بنانے کے ساتھ شہری خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوگا۔کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ بہاولپور کو سرسبز و شاداب اور خوبصورت شہر بنانے کے لیے شجرکاری مہم کو بھرپور انداز میں آگے بڑھایا جارہا ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ مہم کے تحت لگائے جانے والے تمام پودوں کی حفاظت اور مناسب دیکھ بھال کو یقینی بنایا جائے تاکہ شجرکاری کے مثبت اور دیرپا نتائج حاصل کیے جاسکیں۔ بعد ازاں کمشنر بہاولپور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے سہولت بازار روڈ کے ساتھ جاری ترقیاتی اور تزئین و آرائش کے کاموں کا معائنہ کیا۔اس موقع پر بتایا گیا کہ سہولت بازار سے آر پی او آفس تک سڑک کے دونوں اطراف درمیان موجود حصے میں ٹف ٹائل لگانے کا کام تیزی سے جاری ہے۔منصوبے کے تحت سڑک کے اطراف شہری خوبصورتی، صفائی ستھرائی اور بہتر شہری سہولیاتی فراہمی کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے جاری ترقیاتی کاموں میں تعمیراتی معیار اور پائیداری کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تمام منصوبے اعلیٰ معیار کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد فراہم کیے جاسکیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے یونیورسٹی چوک پر تزئین و آرائش کے جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے جاری تمام منصوبوں کی مؤثر نگرانی کی جائے اور کام کی رفتار کے ساتھ معیار پر بھی کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

نئے نمبر 03

کے مطابق 24 قیراط فی تولہ سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 4 لاکھ 8 ہزار 936 روپے پر برقرار رہی، اسی طرح 10 گرام سونے کی قیمت بھی 3 لاکھ 50 ہزار 596 روپے پر مستحکم رہی۔دوسری جانب فی تولہ چاندی کی قیمت 5 ہزار 228 روپے پر برقرار رہی ہے، جبکہ عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 3 ہزار 864 ڈالر ریکارڈ کی گئی۔

نئے نمبر 04

زیرک سیاست دان ہیں جو عوام کی نبض پر ہاتھ رکھتے ہیں، زمینی حقائق سے بخوبی آگاہ ہیں اور عام آدمی کی مشکلات، ضروریات اور امنگوں کا گہرا ادراک رکھتے ہیں۔ ریفرنڈم کے حوالے سے ان کا حالیہ بیان عوامی فلاح و بہبود، بہتر طرز حکمرانی، مؤثر عوامی خدمات اور پنجاب کے عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لیے ان کی سنجیدہ سوچ اور غیر متزلزل عزم کا عکاس ہے۔ حسن عسکری شیخ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اسپیکر ملک احمد خان کی شخصیت کا نمایاں وصف یہ ہے کہ وہ روایتی سیاست سے بالاتر ہو کر عوام کی خوشحالی اور پاکستان کے وسیع تر مفاد کو اپنی سیاسی فکر کا محور بناتے ہیں۔

نئے نمبر 05

منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے زیر تعمیر برن یونٹ کے ترقیاتی منصوبے کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے تعمیراتی سرگرمیوں کی رفتار مزید تیز کی جائے اور اضافی لیبر تعینات کر کے تینوں شفٹوں میں مسلسل کام جاری رکھا جائے تاکہ کسی قسم کی تاخیر سے بچا جاسکے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر اور محکمہ بلڈنگ کے افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے برن یونٹ کے تعمیراتی کام، مجموعی پیش رفت اور منصوبے کی تکمیل کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا۔انہیں منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور تعمیراتی رفتار کے بارے میں بریفنگ بھی دی گئی۔کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی کام منظور شدہ ڈیزائن، مقررہ معیار اور تکنیکی تقاضوں کے مطابق مکمل کیے جائیں۔تعمیراتی رفتار کے ساتھ کام کے معیار اور شفافیت پر بھی خصوصی توجہ دی جائے اور کسی قسم کی کوتاہی یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہ کی جائے۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے اور مؤثر کوآرڈینیشن کے ذریعے کام کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے کی بنیاد پر پیش رفت کی نگرانی کی جائے اور باقاعدگی سے پروگریس رپورٹس کا جائزہ لیا جائے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے منصوبے کے لیے فنڈز جاری کیے جا چکے ہیں، لہٰذا دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے تعمیراتی کام مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ عوامی مفاد کے اس اہم منصوبے کی تکمیل میں مزید تاخیر سے بچنے کے لیے اضافی افرادی قوت اور تینوں شفٹوں میں کام جاری رکھنے کے انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا کہ حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ اہم طبی منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کر کے فعال بنانے کے لیے متحرک ہیں۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ برن یونٹ کی تعمیراتی رفتار، معیار اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے تمام دستیاب وسائل استعمال کیے جائیں۔کمشنر بہاولپور ڈویژن نے کہا کہ برن یونٹ کی تکمیل سے بہاولپور سمیت جنوبی پنجاب کے عوام کو جدید طبی سہولیات تک بہتر اور آسان رسائی حاصل ہوگی اور علاقے میں صحت کے شعبے کی مجموعی استعداد میں نمایاں بہتری آئے گی۔

نئے نمبر 06

آئی کی سزا اسلام آباد ہائیکورٹ سے بھی برقرار رہنے کے قوی امکانات ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم میرٹ پر دلائل دینے کے بجائے مقدمے کو تاخیر کا شکار کرنے کے حربے استعمال کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق سیاست کی جا رہی ہے اور مختلف الزامات کے ذریعے عدالتی کارروائی پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی جا رہی ہے۔وفاقی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ وکلا کو چاہیے کہ عدالت میں ٹھوس قانونی نکات اور شواہد کی بنیاد پر دلائل دیں، جتنے مرضی تاخیری حربے استعمال کئے جائیں، عدالتیں فیصلہ میرٹ کے مطابق کریں گی۔

نئے نمبر 07

ہوئے۔اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ رتھوعہ ہریام پل کی تکمیل خطے میں ترقی اور خوشحالی کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے، پل کی تعمیر سے میرپور اور گردونواح کے علاقوں کے درمیان آمدورفت میں آسانی پیدا ہوگی، منصوبے سے مقامی آبادی کو سفری سہولیات میسر آئیں گی اور علاقے میں تجارتی و معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت آزاد جموں و کشمیر کی ترقی، خوشحالی اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔

نئے نمبر 08

زرداری کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ جو شخص انصاف (equity) کا دعویٰ کرتا ہے، اس کے اپنے ہاتھ صاف ہونے چاہئیں۔ یہ انصاف کے اصولوں سے متعلق ایک صدیوں پرانا مقولہ ہے۔کیا آپ کے ہاتھ صاف ہیں؟ کیا آپ کو نصیحت کرنے یا دھمکیاں دینے کا حق حاصل ہے؟ بلاول بھٹو زرداری کی گزشتہ روز کراچی پریس کلب میں کی گئی تقریر پر ردعمل دیتے ہوئے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک بیان انہوں نے کہا کہ بلاول صاحب، آپ نے نظام کو 'ری سیٹ' کرنے کی بات کی، لیکن عوامی حمایت کے بغیر کسی بھی نظام کو ازسرنو ترتیب نہیں دیا جاسکتا۔خواجہ آصف نے کہا کہ اگر آپ نظام کے انہدام کی بات کر رہے ہیں، تو اس نظام سے جڑے ہوئے ہم سب لوگوں کو بھی اس کی ذمہ داری قبول کرنی چاہیے۔ اس ملک میں سیاستدانوں کا احتساب کوئی نیا تصور نہیں ہے اور نہ ہی کوئی سیاستدان احتساب سے بالاتر ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ آپ کی پریس کانفرنس یقیناً بہت پرجوش اور موجودہ حکومت ونظام پر تنقید پر مرکوز تھی، لیکن میں ادب سے عرض کروں گا کہ ہم سیاستدانوں کو عوام سے مشاورت کے عمل کو 'پچھلے دروازے (backdoor)' سے آنا نہیں کہنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ہم سیاستدانوں کو اپنی قانونی حیثیت (legitimacy) عوامی رائے سے حاصل ہوتی ہے۔عوامی رائے عامہ کے جائزوں کے ساتھ ساتھ پارلیمنٹ کے اندر بھی بحث و مباحثے پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ یقیناً 'نظام کو ری سیٹ' کرنے کے معاملے پر پارلیمنٹ میں بحث ہوگی، لیکن اس عمل میں عوام کو ان کے بنیادی حق سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔ اگر پارلیمنٹ عوامی رائے کو بھی پیش نظر رکھے، تو میرے خیال میں یہ قانونی حیثیت (legitimacy) کی معراج ہوگی۔خواجہ آصف نے کہا کہ 'بلاول صاحب، آپ کی جماعت سندھ میں 18 سال سے اقتدار میں ہے۔سندھ تو گویا جنت بن گیا ہے! کراچی شہر کی حالت پر تو دنیا رشک کرتی ہے۔آپ (پی پی پی) 2022 سے حکومتی امور میں شراکت دار رہے ہیں۔منافع آپ کا ہے، اور نقصان پی پی پی کا — یا پھر پاکستان کا۔ جو شخص انصاف (equity) کا دعویٰ کرتا ہے، اس کے اپنے ہاتھ صاف ہونے چاہئیں، یہ انصاف کے اصولوں سے متعلق ایک صدیوں پرانا مقولہ ہے۔کیا آپ کے ہاتھ صاف ہیں؟ کیا آپ کو نصیحت کرنے یا دھمکیاں دینے کا حق حاصل ہے؟ وزیر دفاع نے کہا کہ ہمارا مقصد صرف ایک ہے — پاکستان کے عوام کی زندگیوں کو بدلنا، تاکہ عام آدمی وقار کے ساتھ جی سکے۔ حکمرانی میں عوامی شرکت کو حقیقت کا روپ دیں۔حکمرانوں کے پاس موجود طاقت عوام کی جانب سے ایک امانت ہے، نہ کہ کسی کی میراث۔عوام کے حقوق کو صرف آئین کے صفحات تک محدود نہ رکھیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں، کس دور میں ہمیں اللہ کے فضل سے سفارتی اور عسکری محاذوں پر عزت و وقار ملا، اور کس دور میں ہمارے وطن کا نام روشن ہوا؟ ان دو محاذوں پر کامیابیوں کے بعد، اب اصل لڑائی حکمرانی کو گلی اور محلے کی سطح تک لانے کی ہے، جہاں عوامی رائے اور پارلیمنٹ کا کردار مکمل طور پر جمہوری اور آئینی ہو۔حکمرانی کسی کی اجارہ داری نہیں ہے؛ خدا نے یہ حق 250 ملین لوگوں کو عطا کیا ہے۔ بلاول صاحب آپ نے سسٹم ری سیٹ کی بات کی لیکن کوئی سسٹم اس وقت تک ری سیٹ نہیں ہوسکتا جب تک اُسے عوامی تائید حاصل نہ ہو/ اگر آپ system collapse کی بات کر رہے ہیں تو ہم سب کا اس سسٹم سے منسلک ہونے کے ناطے اپنی ذمہ داریوں کا احاطہ بھی ضروری ہے۔اس ملک میں سیاست دانوں کا احتساب نہ تو...

نئے نمبر 09

پولیس لائنز میں مذہبی اسکالرز کے ہمراہ خصوصی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔سیمینار میں پولیس افسران کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں، بطور ذمہ دار شہری و اچھا انسان اخلاقی فرائض، ضابطہ اخلاق، عوام کے ساتھ رویے، حسنِ اخلاق اور خدمتِ خلق کے موضوعات پر خصوصی لیکچر دیا گیا۔مذہبی اسکالرز نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں صبر، برداشت، عدل و انصاف، عاجزی، رواداری اور انسانیت کی خدمت کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پولیس کا منصب محض قانون نافذ کرنا نہیں بلکہ مظلوم کی دادرسی، کمزور کا سہارا بننا اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے ساتھ ان کی عزت نفس کا خیال رکھنا بھی ہے۔مقررین نے زور دیا کہ پولیس افسران اپنے اختیارات کو ذمہ داری اور امانت سمجھتے ہوئے عوام کے ساتھ خوش اخلاقی، شفقت، تحمل اور احترام سے پیش آئیں۔ایک اچھے پولیس افسر کی پہچان صرف پیشہ ورانہ کارکردگی نہیں بلکہ اس کا کردار، اخلاق اور عوام کی خدمت کا جذبہ بھی ہے۔سیمینار کا بنیادی مقصد پولیس فورس میں اخلاقی اقدار کو فروغ دینا، رویوں میں مثبت تبدیلی لانا اور ایسا عوام دوست پولیس کلچر تشکیل دینا ہے جہاں شہریوں کے ساتھ عزت و احترام، انصاف اور حسنِ سلوک کو اولین ترجیح حاصل ہو۔آخر میں آر پی او بہاولپور غازی محمد صلاح الدین نے پولیس کی جانب سمیت مذہبی سکالر حاجی یعقوب رضا عطاری کو شیلڈ دی۔

نئے نمبر 10

عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں وفاقی حکومت کی جانب سے آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں میں مکمل تعاون کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔اس موقع پر ماضی میں آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کے لیے وفاقی حکومت کے کردار کا بھی ذکر کیا گیا۔شرکا نے آزاد کشمیر کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لیے پنجاب حکومت کے فعال کردار پر بھی گفتگو کی۔وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار علی گیلانی نے کشمیری عوام کی فلاح و بہبود اور خوشحالی کے لیے ترقیاتی منصوبوں پر بھرپور انداز میں عمل درآمد یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ملاقات میں آزاد کشمیر کے انتخابات کے دوران کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے امور بھی زیر بحث آئے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، وفاقی وزرا احسن اقبال، انجینئر امیر مقام، طارق فضل چوہدری اور عطاء اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ، سینیٹر پرویز رشید، سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب، رکن آزاد کشمیر اسمبلی شاہ غلام قادر اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجا فاروق حیدر سمیت دیگر حکام موجود تھے۔

نئے نمبر 11

معاملے پر خونریزی کس بنیاد پر ہوئی؟ کسی کے گھر کو جلانا، تشدد کرنا سیاسی حق کیسے ہوسکتا ہے، بلاول بھٹو کے پارلیمانی مقصد اور حالیہ گفتگو میں تضاد پر سوال اٹھتا ہے۔ لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ عدالتی فیصلوں نے جمہوری نظام کو نقصان پہنچایا، بھٹو کی پھانسی کا فیصلہ ملکی تاریخ کے بدترین فیصلوں میں شامل ہے، منتخب حکومتوں کے خاتمے سے متعلق عدالتی فیصلے نقصان دہ ثابت ہوئے۔

نئے نمبر 12

خان نے باضابطہ طور پر دستخط کیے، جبکہ اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور اور خواجہ فرید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی، رحیم یار خان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران اور لکی اسٹیکس کے مینیجنگ ڈائریکٹر عزیر احمد چوہدری نے بطور شاہد دستخط کیے۔تقریب میں یونیورسٹی کے ممتاز عہدیداران نے شرکت کی، جن میں فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر محمد امجد، ڈائریکٹر اسٹوڈنٹس افیئرز پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا، رجسٹرار ڈاکٹر شجیع الرحمان، اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر علی اعظم، ڈائریکٹر ایلومنائی افیئرز ڈاکٹر جام سجاد حسین، ایڈیشنل رجسٹرار ڈاکٹر عارف رموز، چولستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈیزرٹ اسٹڈیز کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد عبداللہ، وائس چانسلر کے ایگزیکٹو سیکرٹری ڈاکٹر محمد شیخ خالد، سعد چوہان اور دیگر اعلیٰ افسران شامل تھے۔اس موقع پر عزیر احمد چوہدری نے وائس چانسلر کو لکی اسٹیکس کے مختلف آپریشنل پہلوؤں، بشمول پیداوار، ریفائننگ، پیکیجنگ اور دیگر صنعتی عمل کے بارے میں بریفنگ دی۔ یہ مفاہمت نامہ باہمی طور پر فائدہ مند تعاون کے لیے ایک فریم ورک فراہم کرتا ہے۔عزیر احمد چوہدری نے اعلان کیا کہ لکی اسٹیکس آئندہ آئی یو بی صوفی اینڈ کلچرل فیسٹیول 2026 کو مکمل طور پر اسپانسر کرے گا، جبکہ یونیورسٹی اس کے لیے مقام اور دیگر متعلقہ سہولیات فراہم کرے گی۔ دونوں فریقین نے فوڈ ٹیکنالوجی اور دیگر متعلقہ تعلیمی شعبوں کے طلبا کو انٹرنشپ اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے سلسلے میں تعاون کو وسعت دینے کا بھی عہد کیا۔ یہ شراکت داری صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے، طلبا کو پیشہ ورانہ تجربہ فراہم کرنے اور اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور میں ثقافتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

نئے نمبر 13

کا نام نہیں، پسند کی شق ہو تو آئین اچھا اور دوسری صورت میں غیر آئینی قرار دے دیا جاتا ہے۔اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور دیگر ملزمان ملوث ہیں، عدالت میں ایک بار پھر ساعت ملتوی کرانے کے لیے بہانے بازی کی گئی، پہلے ملاقات نہ ہونے، پھر وقت کم ملنے اور اب دیگر وجوہات کا سہارا لیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عدالت میں تاخیری حربے ایسے استعمال کیے جا رہے ہیں جیسے کوئی چور اپنی چوری چھپانے کے لیے حیلے بہانے کرتا ہے، کیس کو مسلسل التوا کا شکار کیا جارہا ہے۔طلال چوہدری نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی گزشتہ روز کی تقریر پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی چوری ہے، جس میں ملزمان رنگے ہاتھوں پکڑے گئے اور کرپشن کی رقم ان کے گھروں، جیبوں اور زمینوں سے برآمد ہوئی۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو کی باتیں ایسے ہیں جیسے وہ اپوزیشن لیڈر ہوں، حالانکہ 3 صوبوں اور گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، صدر مملکت اور چیئرمین سینیٹ بھی ان کی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں، قریباً 70 فیصد پاکستان میں پیپلز پارٹی کی حکمرانی ہے، اس کے باوجود خود کو حکومت سے الگ ظاہر کرنا عجیب ہے۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سب سے زیادہ حکومتیں کرنے والی جماعت ہے اور سندھ میں 17 سالہ حکمرانی کے بعد بھی اسے عوامی مسائل کا جواب دینا ہوگا، آئین کا اطلاق موسم یا اپنی سہولت کے مطابق نہیں ہوسکتا، اس کے تمام حصوں کو تسلیم کرنا ضروری ہے۔طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ انتظامی یونٹس بنانے کا مقصد بہتر گورننس اور عوام کو سہولتیں فراہم کرنا ہے، جس صوبے میں گورننس خراب ہے وہاں انتظامی اصلاحات کی ضرورت ہے، جبکہ بہتر گورننس والے صوبوں کو تقسیم کرنے کی بات سمجھ سے بالاتر ہے۔انہوں نے کہا کہ وسائل پر اختیار عوام کی بہتری کے لیے ہونا چاہیے، ذاتی مفادات کے لیے نہیں، طاقت کے استعمال کا بہانہ بنا کر ووٹ دینے کی ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہوا جا سکتا، جمہوریت کا فیصلہ بیلٹ سے ہونا چاہیے، بلٹ سے نہیں۔وزیر مملکت نے کہا کہ آئینی عدالت کے قیام کا کریڈٹ پیپلز پارٹی خود اپنی تقریروں میں لیتی رہی ہے اور قومی اسمبلی میں اسے قائداعظم کا خواب اور اپنی جماعت کی میراث قرار دیا گیا، جمہوریت صرف تقریروں اور آئینی شقوں کی تشریح کا نام نہیں بلکہ اس پر عملی طور پر عمل درآمد بھی ضروری ہے۔انہوں نے بلاول بھٹو پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ نظریاتی طور پر آئین اور جمہوریت کے ہیرو بننے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن جب عمل کی بات آتی ہے تو کارکردگی صفر دکھائی دیتی ہے۔طلال چوہدری نے کہا تھا کہ شرم وحیا کا درس دینے سے پہلے بلاول بھٹو اپنے گورنر کو بھی یہ بات سمجھائیں، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سب سے پہلے مولانا فضل الرحمان پر تنقید کی اور ایک بار نہیں بلکہ مسلسل ان کے خلاف بیانات دیتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قانون کی عملداری سب کے لیے یکساں ہونی چاہیے، کوئی لیڈر یا حکومت قانون سے بالاتر نہیں، مولانا فضل الرحمان سے صرف سوالات کے جواب مانگے گئے ہیں، ان پر کوئی حملہ نہیں کیا گیا بلکہ آئین اور قانون کے مطابق سوالات اٹھائے گئے ہیں۔وزیر مملکت نے کہا کہ اثاثوں اور مالی معاملات پر سوالات انھیں تو جواب دینا ضروری ہے، جن پر ایک روپے کی ناجائز کمائی کا بھی الزام ہو، انہیں اپنی وضاحت پیش کرنی چاہیے۔طلال چوہدری نے کہا کہ چند وی لاگز اور ٹی وی پروگراموں سے حالات نہیں بدلتے، 190 ملین پاؤنڈ کیس کی ساعت دوبارہ ملتوی ہونے سے کسی ڈیل کا تاثر بھی ختم ہوتا ہے، مقدمات کا سامنا کرنے کے بجائے مسلسل نئی کہانیاں بنائی جا رہی ہیں، کبھی ملاقات، کبھی ہسپتال اور کبھی پشاور جانے کی باتیں کی جاتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ مقدمات زیر التوا ہیں، اس لیے ابھی کہیں جانے کی گنجائش نہیں، 190 ملین پاؤنڈ کیس کو عدالت میں لڑنے کے بجائے مسلسل التوا لیا جا رہا ہے۔وزیر مملکت نے کہا کہ اگر 190 ملین پاؤنڈ کیس کے ملزم اور 9 مئی کے ماسٹر مائنڈ سیاسی قیدی ہیں تو پھر سیاست اور انتشار میں فرق کیا رہ جائے گا؟ سیاست اور انتشار کو ایک ہی چیز قرار نہیں دیا جا سکتا۔

نئے نمبر 14

شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

نئے نمبر 15

عائد کرنے کے لیے دائر درخواست پر سماعت ہوئی، جس کے دوران پنجاب حکومت نے علوم میں مہارت کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ بدلتے ہوئے دور کے تقاضوں کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکیں۔ڈپٹی کمشنر نے سکول میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی معائنہ کیا اور کلاس رومز سمیت پورے سکول میں صفائی کی صورتحال مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی ماحول کی بہتری، تدریسی معیار میں اضافے اور طلبہ کو جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، جبکہ تعلیمی اداروں میں معیاری تدریسی ماحول اور سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

نئے نمبر 20

شفاف طریقہ کار کے مطابق اپیلائی کرنے کے صرف 7 دن کے اندر کی جا رہی ہے۔ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹیچنگ ایجوکیشن یا سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ تمام مدارس کی رجسٹریشن جاری ہے۔ رجسٹریشن کی بدولت چیریٹی سے متعلق قانونی و انتظامی تقاضوں اور بینک اکاؤنٹ بارے معاملات میں سہولت ملے گی۔پنجاب چیریٹیز کمیشن سے رجسٹریشن کے بعد مدارس اپنے نام پر بآسانی بینک اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کی بدولت عطیہ دینے والوں کا اعتماد اور شفافیت یقینی بنائی جا رہی ہے۔ پنجاب چیریٹیز کمیشن میں مدارس کی رجسٹریشن کا عمل 24/7 جاری ہے۔محکمہ داخلہ نے دینی مدارس کی رجسٹریشن بارے تفصیلات بھی جاری کر دیں، رجسٹریشن کے لیے اب تک 68 دینی مدارس نے سائن آپ مکمل کرلیا جبکہ 24 دینی مدارس نے رجسٹریشن کیلئے تمام ڈیٹا جمع کروا دیا۔پنجاب چیریٹیز کمیشن نے 19 دینی مدارس کو رجسٹریشن سرٹیفکیٹس بھی جاری کر دیے۔حکومتِ پنجاب کی ہدایت پر پنجاب چیریٹیز کمیشن تمام دینی مدارس سے رابطہ رکھے ہوئے ہے۔اعداد و شمار کے مطابق ٹیلی فون کالز کے ذریعے 2 ہزار 756 دینی مدارس تک رسائی حاصل کی گئی جبکہ ایس ایم ایس کے ذریعے ایک ہزار 646 دینی مدارس سے رابطہ کیا گیا۔اسی طرح دینی مدارس کے ساتھ بالمشافہ رابطے کے لیے 31 اجلاس اور دورے کیے گئے۔دارالعلوم جامعہ نعیمیہ، دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف، جامعہ الرشید لاہور کیمپس، رابطہ ؟ المدارس الاسلامیہ پاکستان، جامعہ علوم الشریعہ، معہد الفاروق الاسلامی، مدرسہ جامعہ ضیاء العلوم، دارالعلوم جامعہ حنفیہ غوثیہ، مدرسہ نور الاسلام رحیمیہ، جامعہ عربیہ اسلامیہ، مدرسہ صوفی ابی باصفا نعیمیہ و دیگر کی رجسٹریشن مکمل کر لی گئی ہے۔پنجاب چیریٹیز کمیشن نے مدارس کی رجسٹریشن کے عمل کو آسان اور مربوط بنایا ہے۔ پنجاب بھر میں قائم مدارس چیریٹیز کمیشن میں آن لائن رجسٹریشن کروائیں۔ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق آن لائن رجسٹریشن کے لیے ابھی ویب سائٹ www.charitycommission.punjab.gov.pk وزٹ کریں۔

نئے نمبر 21

ڈیجیٹل ایپس سے قرض لینے پر بھاری سود اور جرمانوں کا سامنا ہے، عدم ادائیگی اور بلیک میلنگ کے باعث خودکشی کے واقعات بھی پیش آچکے ہیں۔ایس ای سی پی کی جانب سے جاری نئے سرکلر کے مطابق موبائل ایپ سے قرض پر سالانہ شرحِ منافع 90 فیصد مقرر کی گئی ہے۔ موبائل ایپ پر شرح منافع کی حد 274 فیصد سے کم کی گئی ہے جس کا مقصد قرض لینے والوں کو زیادہ لاگت اور قرضوں کے بوجھ سے بچانا ہے۔سرکلر کے مطابق 10 ہزار روپے کے قرض پر یومیہ لاگت 24 روپے 66 پیسے ہوگی جس میں تمام فیسیں اور چارجز شامل ہوں گے۔ڈیجیٹل ایپ سے قرض 50 ہزار روپے تک اور زیادہ سے زیادہ 90 دن کے لیے دیا جا سکے گا، قرض کی جلد ادائیگی پر صرف ان دنوں کی لاگت وصول ہوگی جن میں قرض صارف کے پاس رہا۔ایس ای سی پی کے مطابق مقررہ تاریخ کے بعد پہلے 3 دن تاخیر کا جرمانہ وصول نہیں کیا جا سکے گا۔سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مزید بتایا گیا ہے کہ موبائل ایپ سے قرض لینے والوں کی ڈیجیٹل ریپوزٹری بھی قائم کی جارہی ہے جس سے قرض دہندگان صارف کے پہلے سے موجود قرضوں کی جانچ کر سکیں گے۔ریپازٹری سے قرض کی ادائیگی میں مشکل کا شکار صارف کو مزید قرض دینے سے احتیاط کر سکیں گے۔ایس ای سی پی نے موبائل ایپ لون کمپنیوں کو 15